SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
October 24, 2016

ایس ای سی پی کی جانب سے بیمہ کے انضباطی فریم ورک میں اصلاحات کے لئے سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت

اسلام آباد، ۲۴ اکتوبر ۲۰۱۶: سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ۲۰ اکتوبر ۲۰۱۶ کو انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس پاکستان، کراچی میں ایک گول میز کانفرنس کا انعقاد کیا جس میں بیمہ کمپنیوں، بیمہ بروکرز، بیمہ مساحت کاروں کی ایسوسی ایشن، پاکستان سوسائٹیز آف ایکچوئریز اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس پاکستان کے نمائندگان نے ایس ای سی پی کی تجویز پر بیمہ کے انضباطی فریم ورک میں مزید بہتری لانے کے لئے غور و خوض کی خاطر شرکت کی۔

بیمہ کی ضمنی کمیٹی کے چیئرمین اور آئی کیپ کی کاؤنسل کے رکن جناب فرّخ رحمٰن نے بات کرتے ہوئے بیمہ قوانین میں بہتری کی ضرورت پر زور دیا تاکہ بیمہ کے شعبے کو بین الاقوامی بہترین طور طریقوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔

ایس ای سی پی کے شعبۂ بیمہ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے پاکستان میں بیمہ صنعت کا عمومی جائزہ لیا اور بیمہ کے انضباطی فریم ورک میں مجوزہ ترامیم کا خلاصہ پیش کیا۔ یہ ترامیم متوقع طور پر بیمہ کمپنیوں کی مالیاتی مضبوطی میں بہتری لائیں گی اور ایک توانا اور مالیاتی طور پر مستحکم بیمہ سیکٹر بنانے میں مدد دیں گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

شرکاء کے ساتھ نئی ترامیم پر بحث مباحثے ہوئے جس میں متعدد شعبوں کے لئے تجاویز پیش کی گئیں جن میں ڈیڈیکیٹڈ مائیکرو انشوررز متعارف کرانا، تکافل اور ری تکافل کی ضابطہ سازی کے لئے احکامات، ری انشورنس بروکرز کی ضابطہ سازی، بیمہ کاروں سے بعض بیمہ مصنوعات تیار کرنا اور پیش کرنا جیسے نکات سرفہرست ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254